ABC CERTIFIED 2000ء سے مسلسل اشاعت کا 21 واں سال
www.farzmedia.com
Daily FARZ Karachi.
روزنامہ فرض کراچی
ایگزیکٹو ایڈیٹر سہیل ضمیر
چیف ایڈیٹر مختار عاقل
dailyfarzpk@gmail.com فون نمبرز: 021-32637641-4
Like us on facebook.com/dailyfarz/
جلد نمبر 22 | ہفتہ 26 فروری 2022ء، 24 رجب المرجب 1443ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 06

# دیہاتیوں کی 19 لاکھ روپے کی رقم واپس

## 4 سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود مطلوبہ رقم نہیں دی جا رہی تھی

خیرپور (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعلیٰ کی جانب سے ٹاور کمپنی کی طرف دیہاتیوں کی 19 لاکھ روپے کی رقم واپس کروائی گئی تفصیلات کے مطابق ریجنل ہیڈ سید محمود علی شاہ نے میڈیا کو بتایا کہ ریجن کے لوگوں رانجھن علی، مشتاق حسین، غلام حسین، غلام اصغر، اور عطا حسین نے وفاقی محتسب اعلیٰ کو شکایت کی کہ نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (NTDC) نے ہماری زمین پر ٹاور لگائے ہیں اور معاہدے کے مطابق 4 سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود مطلوبہ رقم نہیں دی جا رہی ہے جس کے بعد وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر درخواستوں کی سماعت کر کے 60 دنوں میں متاثر لوگوں کو کمپنی کی طرف سے الگ الگ چیک جو کہ 18 لاکھ 97 ہزار 5 سو روپے مالیت کے ہیں دیے گئے ہیں، اس موقع پر ریجنل ڈائریکٹر سید محمود علی شاہ نے کہا کہ سیپکو، سئی سدرن گیس کمپنی سمیت دیگر تمام وفاقی اداروں کے متعلق شکایت پر 60 دنوں میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔

